http://www.dailymashriq.com.pk

اللہ ہی کیلئے ہیں مشرق و مغرب القرآن

DAILY MASHRIQ PESHAWAR

روزنامہ مشرق پشاور

عہد نو کے بانی سید تاج میر شاہ

مسلسل اشاعت کے 59 سال

ABC CERTIFIED

پشاور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

جلد 59 | اتوار 28 ذی الحجہ 1447ھ 14 جون 2026ء 31 جیٹھ قیمت 30 روپے | شمارہ 161

وزیر اعظم کی

آئیں، بیٹھیں، سیا

اختلافِ رائے جمہو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم

پھر اپوزیشن کو میثاق جمہوریت اور

ایران نے آبنائے ہر

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی میڈ

نے اجازت کے بغیر آبنائے ہ

از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پاراچنار

# نوٹس

## بابت نیلام عام (E-Auction) ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027

بحوالہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 تاریخ 07-05-2026 تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پارا چنار مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027 (از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) درج ذیل پروگرام کے تحت نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات جو 2026-2027 کے لیے لوکل کونسل بورڈ، حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ ہوں، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پاراچنار یا کسی اور بلدیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو، محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ www.cfmis .lgkp.gov.pk پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شیڈول نیلامی درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ / سکیورٹی ڈیپازٹ | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1 | میلہ مویشیاں پاراچنار | 20000 روپیہ | 22-23-24 جون 2026 (صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک) |
| 2 | مذبحہ خانہ فیس | 20000 روپیہ | ایضاً |
| 3 | پبلک لیٹرین | 10000 روپیہ | ایضاً |

## چیدہ چیدہ شرائط

ا۔ نیلامی E-Baldia/ e-auction System کے ذریعے ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اوپر دیئے گئے شیڈول کے مطابق منعقد کی جائے گی۔ نیلامی میں شرکت کو تمام شرائط وضوابط مکمل اور غیر مشروط قبولیت تصور کیا جائے گا۔ اگر مقررہ تاریخ پر موضوع بولی حاصل نہ ہوئی تو پھر دوسری مرتبہ 29 جون بروز پیر صبح 9 بجے سے شروع ہوگی اور یکم جولائی شام 4 بجے تک جاری رہے گی۔ اسی طرح تیسری مرتبہ 8 جولائی پیر صبح 9:00 بجے سے شروع ہوگی اور 10 جولائی شام 4 بجے تک جاری رہے گی۔ ۲۔ بولی دینے سے پہلے ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات / شرائط وضوابط کو غور سے پڑھ کر سمجھ کر آن لائن سسٹم پر سوچ سمجھ کر بولی دیں۔ ۳۔ غلط بولی کی ذمہ داری بولی دینے والے پر عائد ہوگی اور بولی کے بعد واپس نہیں لی جائیگی۔ ۴۔ بولی دہندگان ویب سائٹ پر درج کردہ غلط معلومات دینے کے نتیجے میں ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔ ۵۔ نیلامی میں صرف وہی ٹھیکیدار / فرم حصہ لے سکتے ہیں جو متعلقہ زمرے میں برائے سال 2026-2027، لوکل کونسل بورڈ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں اور سابقہ ٹی ایم اے پاراچنار یا کسی بھی بلدیاتی ادارے کے بقایادار / نادہندہ نہ ہوں۔ ۶۔ ہر ٹھیکہ کے لیے گزشتہ سال کی کل آمدنی کے مندرجہ بالہ پانچ فیصد 5% کے برابر کال ڈیپازٹ / سی ڈی آر ٹی ایم اے پاراچنار کے حق میں نیلامی کی آخری تاریخ سے کم از کم دو (۲) دن قبل سسٹم پر اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔ ۷۔ کامیاب بولی دہندہ تین (3) دن کے اندر پندرہ فیصد 15% پیشگی اور پانچ فیصد 5% سکیورٹی ٹی ایم اے پاراچنار کے اکانٹ میں جمع کرائے گا۔ عدم ادائیگی پر بولی منسوخ اور کال ڈپازٹ ضبط ہوگا۔ ٹھیکہ دوسرے بلند ترین بولی دہندہ کو پیش کیا جا سکتا ہے۔ ۸۔ سالانہ وصولی کے ٹھیکہ جات میں پچاس فیصد 50% پیشگی اور بقیہ تین مساوی اقساط میں ادا کیا جائے گا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ 5 تاریخ تک لازمی ہے۔ تاخیر پر دو فیصد 2% جرمانہ اور پندرہ 15 تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ ہو سکتا ہے۔ ۹۔ کامیاب ٹھیکیدار کو دو (۲) ضامن پیش کرنے ہوں گے جو ٹھیکہ کی رقم کے برابر غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہوں اور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہوں۔ ۱۰۔ کامیاب بولی دہندہ سات (۷) دن کے اندر ٹی ایم اے پاراچنار کے ساتھ معاہدہ دستخط کرے گا۔ تمام وفاقی وصوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز اور لیویز / انکم ٹیکس ٹھیکیدار خود برداشت کرے گا۔ ٹھیکہ کی رقم میں کسی صورت رعایت یا کمی / REMISSION قابل اجازت نہیں۔ ۱۱۔ ٹھیکہ کسی دوسرے فریق کو ذیلی ٹھیکے یا منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ منظور شدہ نرخ نامے سے زائد وصولی پر گیارہ (11) گنا جرمانہ عائد ہوگا۔ بولیوں میں ہیرا پھیری یا ملی بھگت پر بلیک لسٹنگ اور قانونی کارروائی ہوگی۔ ۱۲۔ تنازعہ کی صورت میں ریجنل میونسپل آفیسر کوہاٹ بطور ثالث کام کریں گے اور ان کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی شرائط بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 کا پابند ہوگا۔

INF(P)2921/26

Zero Tolerance to Corruption

المشتہر: تحصیل آفیسر ریگولیشن، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پاراچنار

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پاراچنار

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER